# قافلہ

## مدنی مشوروں کے مدنی پھول

دسمبر-2024

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# قافلہ

## دُرود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے ہزار بار دُرودِ پاک پڑھا میں اور وہ جنت کے دروازے پر ایک ساتھ ہوں گے۔“[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## نبیِ پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا دعوتِ دین کیلئے سفر

پیارے اسلامی بھائیو! نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اعلانِ نبوت کے بعد دین کی اشاعت وترویج کے لئے مختلف علاقوں کا سفر کیا اور مختلف قبائل کے لوگوں کو دینِ اسلام کی دعوت دی جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے طائف کی طرف سفر کیا جس میں آپ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے ساتھ آپ کے آزاد کردہ غلام زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

طائف میں بہت سے امیر اور مالدار لوگ رہتے تھے اور ان سب میں عَمْرو کا خاندان سب قبیلوں کا سردار مانا جاتا تھا یہ تین 3 بھائی تھے عَبدِ یا لِیل، مسعود اور حبیب۔ طائف پہنچ کر اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ان تینوں کے پاس تشریف لے گئے اور انہیں اسلام کی دعوت دی لیکن ان تینوں نے اسلام قبول نہیں کیا بلکہ انتہائی بیہودہ اور گستاخانہ جواب دیا۔ واپسی پر جب حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم تشریف لے جانے لگے تو انہوں نے

[1]...القول البدیع، الباب الثانی فی ثواب الصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، ص 115 دار الکتاب العربی

طائف کے بد معاشوں، غلاموں اور بچوں کو اُبھارا کہ یہ لوگ حضور صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم کے ساتھ بُرا سلوک کریں۔ وہ لوگ حضور صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم کے نرم و نازک جسمِ اطہر پر پتھر برسانے لگے۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ دوڑ دوڑ کر حضور صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم پر آنے والے پتھروں کو اپنے بدن پر لیتے اور اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم کے جسمِ اطہر کو پتھروں سے بچاتے۔ جب ان بدبختوں نے ظلم کی انتہا کر دی تو حضور پاک صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم انگور کے ایک باغ میں تشریف لے گئے۔ یہ باغ مکہ کے ایک مشہور کافر عُتْبَہ بن ربیعہ کا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم کو دیکھ کر عتبہ بن رِبیعہ اور اس کے بھائی شَیْبَہ بن رِبیعہ نے حضور صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم کو اپنے باغ میں ٹھہرایا اور اپنے عیسائی غلام عَدّاس کے ہاتھ سے آپ کی خدمت میں انگور کا ایک خوشہ بھیجا۔ حضور صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم نے بسم اللہ پڑھ کر خوشہ کو ہاتھ لگایا تو عَدّاس تعجب سے کہنے لگا کہ یہاں کے لوگ تو یہ کلمہ نہیں بولا کرتے، حضور صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم نے اس سے پوچھا کہ تمہارا وطن کہاں ہے؟ عدّاس نے کہا کہ میں شہر نِیْنَوٰی کا رہنے والا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم نے فرمایا کہ وہ حضرت یونُس بن مَتّٰی علیہ السّلام کا شہر ہے وہ بھی میری طرح اللہ پاک کے نبی تھے یہ سن کر عدّاس آپ کے ہاتھ پاؤں چومنے لگا اور فوراً ہی آپ کا کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گیا۔[1]

پیارے اسلامی بھائیو! راہِ خدا میں سفر کرنا سنّتِ انبیا ہے کہ کئی انبیا کرام علیہمُ السّلام نے دعوت و تبلیغ کے لئے راہِ خدا میں سفر کیا اور اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم نے صحابہ کرام علیہمُ الرّضوان میں سے بھی بعض کو تنہا اور بعض کو با قاعدہ ایک جماعت کے ساتھ

1... سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم، ص144 ملتقطاً و بتغیر قلیل



www.dawateislami.net

راہِ خدا میں سفر کے لئے روانہ کیا جیسا کہ

## 70 صحابۂ کرام کا قافلہ

حضرتِ انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کچھ لوگ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی بارگاہ میں حاضِر ہوئے اور عرض کی: یارسولَ اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم! کچھ لوگوں کو ہمارے ساتھ بھیج دیجئے تاکہ وہ ہمیں قرآن وسنّت سکھائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے اَنصار میں سے 70 صحابۂ کِرام علیہمُ الرّضوان پر مشتمل قُرّا حضرات کا ایک قافلہ ان کے ساتھ بھیج دیا، جب قاریوں کی یہ جَمَاعَت ان لوگوں کے ساتھ روانہ ہوئی تو اُنہوں نے راستے میں ہی ایک سازِش کے تَحْت اس قافلے کے تمام شُرَکا کو شہید کر دیا۔ (1)

پیارے اسلامی بھائیو! قرآن وسنت کی جو تعلیمات آج ہم تک پہنچی ہیں اس کی بہت بڑی وجہ یہ ہے کہ نبیِ پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی تعلیمات وفرامین کے مطابق دین کی روشن تعلیمات کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچانے کے لئے صحابہ کرام نے بڑی تعداد میں سفر کیا۔ صحابہ کرام علیہمُ الرّضوان کے مزارات سے بھی اس بات کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ انہوں نے کتنی مسافت میں تبلیغِ دین کے لئے سفر کیا کہ ایک روایت میں کل صحابہ کرام جن کی تعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار بیان ہوئی ہے۔ (2) ان میں سے تقریباً دس ہزار (10000) صحابہ کرام علیہمُ الرّضوان کے ہی مزارات جنت البقیع میں ہیں، (3) بقیہ صحابہ کرام علیہمُ الرّضوان وہ ہیں جنہوں نے اللہ پاک کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے

1 ... مسلم، کتاب الامارۃ، باب ثبوت الجنۃ للشہید، ص758، حدیث: 147-(677) ملتقطاً
2 ... مواہب اللدنیہ، المقصد السابع، الفصل الثالث فی ذکر محبۃ اصحابہ الخ، 2/544
3 ... شرح الزرقانی، المقصد العاشر، الفصل الثانی فی زیارۃ قبرہ الشریف... الخ، 12/262 ماخوذاً



www.dawateislami.net

حکم کے مطابق دور دراز علاقوں میں جا کر دینِ حق کی ترجمانی کی اور لوگوں کو اسلامی تعلیمات سے آگاہ کیا۔ صحابہ کرام علیہمُ الرّضوان کے بعد تابعین پھر تبع تابعین اور پھر اسلام کی برگزیدہ شخصیات دینِ اسلام کی ترویج اشاعت کرتی رہیں۔

## نیک صالحین کا قافلہ

پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے حضرت عاصِم بن ثابِت، حضرت زَید بن دَثِنَہ، حضرت خُبَیب بن عَدِی اور حضرت مَرثَد بن ابی مَرثَد علیہمُ الرّضوان پر مُشتَمِل ایک قافلہ بَنی لِحیَان کی طرف روانہ فرمایا۔[1]

حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے 3 صحابۂ کرام علیہمُ الرّضوان پر مُشتَمِل ایک قافِلہ شام کی طرف روانہ کیا جن میں حضرت عُبادَہ بن صامِت، حضرت ابو درداء اور حضرت مُعاذ بن جبل رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔[2]

پیارے اسلامی بھائیو! در حقیقت یہ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے کہ وہ جہاں بھی ہو اسلام کا مبلغ رہے۔ الحمد للہ! اس پیاری ذمہ داری کو نبھانے کے لئے عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی نے 12 دینی کام طے کیے ہوئے ہیں جو کہ امر بالمعروف ونھی عن المنکر کا عملی نمونہ ہیں۔ ان 12 دینی کاموں میں ایک اہم دینی کام "قافلہ" یعنی راہِ خدا میں سفر کرنا بھی ہے۔

## قافلہ کیا ہے؟

قافلہ ذیلی حلقے کے 12 دینی کاموں میں سے اہم ترین دینی کام اور دَعوتِ اِسلامی کے

1 ...حلیۃ الاولیاء، 15-عاصم بن ثابت، 1/157، الرقم: 353

2 ...طبقات ابن سعد، ذکر من جمع القرآن علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم، 2/272 ماخوذاً



www.dawateislami.net

دِینی مَاحول میں بولی جانے والی ایک اِصطِلاح ہے، جس سے مُراد چند اِسلامی بھائیوں کا بَاہَم مل کر کم از کم 3 دن، 12 دن، 1 ماہ، 63 دن یا پھر 12 ماہ کے لئے راہِ خُدا کا مُسَافِر بننا ہے۔ (1) الحمدللہ! یہ دینی تنظیم یہ سب کام کرنے کے ساتھ ساتھ عاشقانِ رسول کے لئے ان دینی کاموں میں بڑھ چڑھ حصہ لینے میں ہر ماہ کسی ایک کام کی باقاعدہ مہم چلا کر اس کی ترغیب دیتے ہوئے ان کاموں میں شمولیت میں آسانیاں پیدا کرتی ہے اور الحمدللہ! 15 نومبر 2024 تا 15 دسمبر 2024 تک ماہِ قافلہ منا رہی ہے آپ سے گزارش ہے کہ بھرپور اس مہم کو پھیلائیں اور راہِ خدا میں خود کو پیش کرتے ہوئے ماتحت ذمہ داران کو سفر کروائیں، خود ان کے ساتھ مل کر قافلے میں جائیں۔ راہِ خدا میں سفر کرنے پر بیک وقت بہت سے فوائد و فضائل حاصل ہو رہے ہوتے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:

## فوائد و فضائل

### 1. قافلہ مساجد کی آبادکاری کا ذریعہ

پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: تم جب کسی کو دیکھو کہ مسجد کا عادی ہے، تو اس کے ایمان کے گواہ ہو جاؤ۔ کہ اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے: مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں، جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے۔ (2)

### 2. قافلہ نماز باجماعت کی فضیلت پانے کا ذَرِیعَہ

نبی پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: مرد کا جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا اس کے اپنے گھر اور بازار میں نماز ادا کرنے سے 25 درجے افضل ہے۔ (3)

---

1 ...12 دینی کام مجلد، ص 511

2 ...ترمذی، ابواب الایمان، ماجاء فی حرمۃ الصلوٰۃ، ص 617، حدیث: 2617، دار الکتب العلمیہ بیروت

3 ...بخاری، کتاب الاذان، باب فضل صلوۃ الجماعۃ، ص 224، حدیث: 647



www.dawateislami.net

### 3. قافلہ راہ خدا میں سفر کی فضیلت پانے کا ذَرِیْعَہ

اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم نے فرمایا: جو قدم راہِ خدا میں خاک آلود ہونگے ان کو جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی۔ [1]

### 4. قافلہ تہجد کی فضیلت پانے کا ذریعہ

پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک بالا خانہ ہے کہ باہر کا اندر سے دکھائی دیتا ہے اور اندر کا باہر سے۔ حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسولَ اللہ! صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم، وہ کس کے لیے ہے؟ ارشاد فرمایا "اُس کے لیے جو اچھی بات کرے اور کھانا کھلائے اور رات میں قیام کرے جب لوگ سوتے ہوں۔ [2]

### 5. قافلہ فروغِ علم دِین کا بہترین ذریعہ

پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلِہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی اللہ پاک کے فرائض سے متعلق ایک یا دو یا تین یا چار یا پانچ کلمات سیکھے اور اسے اچھی طرح یاد کرلے اور پھر لوگوں کو سکھائے تو وہ جنت میں ضرور داخل ہوگا۔ [3]

### 6. قافلہ نفل اعتکاف کی سعادت پانے کا ذریعہ

جو شخص اللہ پاک کی رضا و خوشنودی کیلئے ایک دن کا اعتکاف کرے گا اللہ پاک اس کے اور جہنم کے درمیان 3 خندقیں حائل کردے گا ہر خندق کی دوری مشرق و مغرب کے فاصلے سے بھی زیادہ ہوگی۔ [4]

---

1 ... مسند امام احمد، مسند المکیین، 6/507، حدیث: 16356 مفہوماً، دار الکتب العلمیہ بیروت

2 ... مستدرک، من کتاب صلاۃ التطوّع، صلاۃ الحاجۃ، 1/631، الحدیث: 1240، دار المعرفہ بیروت

3 ... الترغیب والترہیب، کتاب العلم، الترغیب فی العلم الخ، ص 45، حدیث: 20، دار المعرفہ بیروت

4 ... معجم اوسط 5/279، حدیث 7326



www.dawateislami.net

### 7. قافلہ نیک صحبت پانے کا ذریعہ

صوفیائے کرام رحمۃُ اللہِ علیہم فرماتے ہیں کہ نیک صحبت ساری عبادات سے افضل ہے۔(1)

## مدنی مذاکروں اور مرکزی مجلس شوریٰ کے مدنی مشوروں سے ماخوذ مدنی پھول

- قافلہ تمام (دینی) کاموں کی روح ہے۔(2)
- مَدَنی قافلہ ساری دنیا میں نیکی کی دعوت عام کرنے کا ذریعہ ہے۔(3)
- بھرپور کوشش کریں ہر ماہ کم از کم 3 دن کے مَدَنی قافلے میں سَفَر کریں۔(4)
- فرمانِ امیر اہلسنت: میں مَدَنی قافلے والا ہوں مجھے مَدَنی قافلے سے پیار ہے۔(5)
- دارُ السُّنَّہ کی طرف سے مدنی قافلے میں جس سمت سفر کرنے کا کہا جائے، ہمیں اُسی سمت سفر کرنا ہے۔(6)
- مدنی قافلے میں سفر کرنے والے کے کردار میں نکھار آنا چاہیے۔ کوشش کرتے رہیں، آہستہ آہستہ بہتری آتی جائے گی ان شاءاللہ الکریم(7)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

---

1... مرأۃ المناجیح، 3/312
2... مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 16 تا 18 محرم الحرام 1441ھ بمطابق 16 تا 18 ستمبر 2019
3... مدنی مذاکرہ، 13 رمضان المبارک 1436ھ بمطابق 30 جون 2015
4... مدنی مذاکرہ، 13 رمضان المبارک 1436ھ بمطابق 30 جون 2015
5... مدنی مذاکرہ، 8 ذوالحجۃ الحرام 1435ھ بمطابق 3 اکتوبر 2014ء
6... مدنی مذاکرہ، 30 جمادی الاولیٰ 1441ھ بمطابق 25 جنوری 2020ء
7... مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 13 تا 18 شوّال المکرم 1438ھ بمطابق 8 تا 13 جولائی 2017



www.dawateislami.net